مڈل ایسٹ ریسپیریٹری سنڈروم (MERS)

مسافروں کے لیے معلومات

اس کارڈ کو سنبھال کر رکھیں

اگر آپ MERS سے متاثرہ کسی علاقے سے آئے ہیں تو آپ کو چاہیے کہ:

- طبیعت خراب ہونے اور اس بیماری کی کوئی علامت ظاہر ہونے کی صورت میں فوراً اپنے ڈاکٹر سے ملیں۔ اگر آپ کا مدافعتی نظام کمزور ہے تو یہ خاص طور پر اہم ہے۔ اپنے ڈاکٹر کو بتائیں کہ آپ سفر سے آئے ہیں۔
- اگر آسٹریلیا میں آمد کے وقت آپ کی طبیعت خراب ہو تو ایر پورٹ یا سمندری پورٹ پر بائیو سیکیورٹی آفیسر سے بات کریں۔
- MERS سے متاثرہ علاقے سے نکلنے کے بعد 14 دن تک یہ کارڈ سنبھال کر رکھیں کیونکہ علامات ظاہر ہونے میں اتنا وقت لگ سکتا ہے۔

MERS کی علامات یہ ہیں:

بخار

کھانسی

سانس لینے میں مشکل

دست

مزید معلومات کے لیے آسٹریلین گورنمنٹ کی ویب سائیٹ دیکھیں www.health.gov.au/MERS

اگر آپ آسٹریلیا سے باہر MERS سے متاثرہ علاقے میں جا رہے ہیں یا ایسے علاقے میں رہتے ہیں تو آپ کو چاہیے کہ:

اپنی حفاظت کریں

- بیمار انسانوں اور بیمار جانوروں کے ساتھ قریبی واسطے سے بچیں۔
- اونٹوں یا اونٹوں سے حاصل کردہ مصنوعات سے واسطے کے بعد کثرت سے صابن اور پانی کے ساتھ ہاتھ دھوتے رہیں یا ہینڈ سینیٹائزر استعمال کریں۔
- اونٹ کے کچے دودھ، اونٹ کے کم پکے ہوئے گوشت اور اونٹ کے جسم سے نکلنے والی رطوبتوں سے آلودہ سب چیزوں سے بچیں۔
- تمام معمول کی ویکسینز اور سفری ویکسینز بروقت لگوائیں۔

بیماری کا پھیلاؤ روکیں

- اگر آپ بیمار ہوں تو دوسرے لوگوں سے دور رہیں۔
- باقاعدگی سے صابن اور پانی کے ساتھ ہاتھ دھوتے رہیں یا ہینڈ سینیٹائزر استعمال کریں۔

ڈاکٹر سے مشورہ لیں

- اگر آپ میں MERS انفیکشن کی علامات ظاہر ہوں تو ڈاکٹر سے مشورہ لیں۔

معلومات حاصل کرتے رہیں

باقاعدگی سے تازہ کی جانے والی معلومات کے لیے www.health.gov.au/MERS دیکھیں۔

Australian Government
Department of Health and Aged Care

Interim Australian Centre for Disease Control